ہم سب کو ملنے والا ہے ' ان شاء اللہ

آیئے اس کے لیے تیاری کریں !

ان بد نصیبوں میں نہ ہو جائیں جن کے حصے میں
فاقے اور رت جگے آتے ہیں۔

ان خوش نصیبوں میں ہو جائیں جن کے حصے میں
رحمت 'مغفرت اور نجات آتی ہے۔

کس طرح؟

— خوب انفاق کریں 'کیا معلوم پھر موقع ملے 'نہ ملے۔
رسول کی مثال سامنے رہے 'تیز ہوا کی طرح!

— خوب نمازیں پڑھیں ' دل لگا کر ' آخری نماز جان کر
دن اور رات کے اوقات مقرر کر کے

— خوب قرآن کی تلاوت کریں۔ یہ مہینہ قرآن ہی کی وجہ سے
عظیم ہے 'سمجھیں 'کہ آپ کا رب آپ سے کیا چاہتا ہے

— دعوت الی اللہ میں اپنے آپ کو کھپا دیں 'کہ یہی اسوہ حسنہ اور اسوہ رسول
علیہ الصلوۃ والسلام ہے

— خوب دعائیں کریں ' اپنے لیے 'ملت اسلامیہ کے لیے ' پاکستان کے
لیے 'تحریک اسلامی کے لیے ' مجاہدین کے لیے۔ یہ دعائیں قبول کروانے کا
مہینہ ہے!

یوں۔ اپنے رب سے قریب ہو جائیں۔ اس کے آگے ہاتھ پھیلا دیں۔ جھولیاں بھر
لیں۔ اس کی جنت پالیں۔ اور کیا چاہیے !

(بندۂ خدا)